RAMPUR STATE GAZETTE

ریاست رامپور گزٹ

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۵۲	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۳ محرم الحرام ۱۳۳۰ھ مطابق ۲۵ دسمبر ۱۹۱۱ع	جلد ۲۳

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	جو مستورات غیر خاندانی اہل خاندان کے حبالہ عقد مین آئی ہین انکے مقدمات کونسل خاندان مین طے ہونگے	۱ و ۲
۲	رخصت صاحبزادہ صغیر احمد خان اہلمد دفتر انگریزی	۲
۳	رخصت نائب تحصیلدار حضور تحصیل	۲
۴	درخواست نسیدہ ہشیار کے ساتھ تجویز مفصل ہوا کرے ...	۲
۵	موقوفی شب چند اسس مختار عام	۳
۶	اضافہ علی شاہ خان تحویلدار خاصہ .... بوجہ تعطیلات کے صدر سے نقشہ نرخنامہ اجناس نہین آیا	۳

روبکار اجلاس ممبر صاحبان کونسل خاندان واقع ۷ نومبر ۱۹۱۱ع

۲۲ ستمبر ۱۹۱۱ع کو ایک عرضداشت اجلاس ہمایون حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم مین باین مضمون پیش گئی ہے کہ مسماۃ حیدری بیگم قوم افغان زوجہ صاحبزادہ حشمت علیخان بہادر نے ایک مقدمہ بنام صاحبزادے عنایت حسین خان بہادر دعوے حق حضانت کونسل خاندان مین

پیش کیا ہے اور حسب منشا روبکار اجلاس ہمایون مؤرخہ ۱۵ اگست ۱۹۱۱ء عدالت کونسل خاندان میں وہ مقدمات قابل سماعت ہیں جنمیں فریقین خاندانی ہوں نظر برین عدالت ہذا میں یہ مسئلہ زیر بحث ہے کہ صاحبزادہ حشمت علیخان بہادر کے نکاح میں آجانے سے مسماۃ مذکورہ کیا اس حد میں آسکتی ہے کہ اوسکو خاندانی ممبر کی مثل مانکر مقدمہ کونسل خاندان میں سماعت کیا جائے لہذا عرضداشت ہذا استصوابا حضور معلی میں پیش کرکے گذارش ہے کہ اگر مسماۃ مذکورہ ڈیوڑہی صاحبزادہ موصوف ثابت ہو جائے اور اونکے انتقال کے بعد اس تعلق اور سلسلہ کی قطع کرنیوالی کوئی صورت پیش نہ آئی تو کیا یہ مقدمہ کونسل خاندان میں سماعت کیا جائے اور آیندہ ایسے فریقین کے مقدمات کونسل خاندان میں سُنے جایا کریں یا نہیں جو حکم ہو تعمیل کی جائے۔

بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم نے بعد ملاحظہ ارشاد فرمایا کہ جو عورتیں غیر خاندانی اہل خاندان کے حبالہ عقد میں آئی ہیں جبکہ کسی مقدمہ میں فریق مقدمہ اہل خاندان ہوں تو وہ مقدمہ کونسل خاندان میں دائر ہونا چاہیئے لہذا۔

حکم ہوا کہ

بغرض اطلاع عام روبکار ہذا کی ایک نقل اندراج گزٹ کے لئے ارسال کیجائے اور ایک نقل اجلاس کے فائل بکس میں رکھی جائے

شکلا نہوس دہلی

ملخص احکام اجلاس صاحب ہوم سکرٹری بہادر

رخصت

۱۳ دسمبر ۱۹۱۱ء

صاحبزادہ سفیر احمد خان اہلمد دفتر انگریزی کی رخصت ایک مہینہ کی بوضع تنخواہ منظور ہوئی۔

۱۶ دسمبر ۱۹۱۱ء

حسب سفارش تحصیلدار صاحب حضور تحصیل رخصت یکہفتہ مرزا شوکت علیخان نائب تحصیلدار حضور تحصیل کی بوجہ علالت ۱۳ دسمبر سے منظور کیگئی۔

روبکار اجلاس صاحب ہوم سکرٹری بہادر واقع ۱۵ دسمبر ۱۹۱۱ء

اکثر ملاحظہ ہوا کہ صیغہ جات ماتحت سے جو درخواستیں بابت منظوری خرید اشیاء موصول اجلاس ہذا ہوتی ہیں اونمیں تخمینہ قیمت اشیاء تحریر نہیں ہوتا ہے تخمینہ قیمت اشیاء دریافت کرنیکیواسطے کاغذات واپس کرنا پڑتے ہیں جسکی وجہ سے حکم منظوری صادر ہونے میں دیر ہوتی ہے اور دوبارہ کاغذات بڑھتا ہے یہ طریقہ مناسب نہیں معلوم ہوتا آیندہ سے جو درخواستیں براے منظوری خرید اشیاء ارسال اجلاس ہذا کیجائیں اون میں ہر ایک چیز کی تخمینی قیمت تحریر ہونا چاہیئے تاکہ اوسکے ملاحظہ سے قیمت اشیاء کا اندازہ ہو سکے لہذا۔

حکم ہوا کہ

ایک ایک نقل روبکار ہذا جملہ صیغہ جات ماتحت کو بھیجی جائے کہ حسب الحکم تعمیل کیجائے اور ایک نقل اس روبکار کی بغرض اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری دربار

موقوفی

۳۰ر نومبر ۱۹۱۱ء

حسب درخواست فدا علی ولد ہدایت اللہ ٹھیکہ دار عمارت شب چند کا مختار عام ٹھیکہ دار مذکور خدمت مختار عامی سے موقوف ہوا اور عدالت ہائے صیغہ جوڈیشل کو مطلع کیا گیا۔

روبکار اجلاس صاحب پرائیوٹ سکرٹری دربار

واقع ۹ر دسمبر ۱۹۱۱ء

علی شاہ خان تحویلدار خاصہ باورچیخانہ ہندوستانی کو بارہ روپیہ ماہوار تنخواہ ملتی ہے جناب افسر صاحب کارخانہ جات اُنکے کام سے خوش ہین۔ اور اضافہ تنخواہ چاہتے ہین لہذا

حکم ہوا کہ

دو روپیہ ماہوار انکی نامبردہ کی تنخواہ مین اضافہ کیا جاوے آیندہ علی شاہ خان چودہ (۱۴) روپیہ ماہوار تنخواہ پائیگا۔

مطبع ریاست رامپور مین چھپکر شایع ہوا